Fairfax County PUBLIC SCHOOLS ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

# FOOD AND NUTRITION SERVICES
## Fairfax County Public Schools

# میڈیکل ڈائیٹری اکاموڈیشن فارم

اس فارم کو فوڈ اینڈ نیوٹریشن سروسز میں جمع کرواتے وقت ریاست سے لائسنس یافتہ معالج کے دستخط کی ضرورت ہوتی ہے ۔
براہ مہربانی یہ فارم **dietary.forms.fns@fcps.edu** پر جمع کرائیے ۔

**SECTION A - یہ حصہ والدین / سرپرست کی طرف سے مکمل کیا جائے**

| طالبعلم / طالبہ کا نام: آخری | طالبعلم / طالبہ کا نام: پہلا | طالبعلم / طالبہ کا نام: درمیانہ | تاریخ پیدائش |
|---|---|---|---|
| | | | |
| اسکول کا نام | | طالبعلم کی آئی ڈی | گریڈ |
| | | | |
| والد یا والدہ / سرپرست کا نام (جلی حروف) | | | |
| | | | |
| والد یا والدہ / سرپرست کے دستخط | | | |
| | | | |
| ای میل | | | تاریخ |
| | | | |
| سیل فون نمبر | | گھر کا فون نمبر | |
| | | | |

**SECTION B - یہ حصہ ریاست کے لائسنس یافتہ معالج کی طرف سے مکمل کیا جائے**

کیا طالبعلم کو کھانے کی الرجیز ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں
اگر ہاں ، تو براہ مہربانی ذیل کی فہرست میں سے الرجی پیدا کرنیوالی اشیاء کو منتخب کیجیئے

- ☐ **ڈیری**
- ☐ بیکری مصنوعات میں دودھ ٹھیک ہے (مثلاً پین کیکس)
- ☐ دہی ٹھیک ہے
- ☐ پنیر ٹھیک ہے
- ☐ **گندم**
- ☐ **انڈے**
- ☐ بیکری مصنوعات میں انڈے ٹھیک ہیں (مثلاً پین کیکس)
- ☐ **سویا**
- ☐ سویا بین آئل ٹھیک ہے
- ☐ **مونگ پھلی**
- ☐ **مچھلی**
- ☐ **شیل فش**
- ☐ **تل**

دیگر فوڈ الرجی جو اوپر درج نہیں ہیں:________________________________________

کیا طالبعلم کو ترمیم شدہ بناوٹ کی ضرورت ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

☐ **شوربہ** ☐ **پسی ہوئی اور نم** ☐ **نرم اورنوالہ کا سائز** ☐ **دیگر**________________

کیا طالبعلم کو دیگر خصوصی غذائی ضروریات درکار ہیں؟ اگر ایسا ہے تو ، براہ مہربانی ذیل میں وضاحت کیجیئے ۔

________________________________________

**میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ مذکورہ طالبعلم کو کھانے کی خصوصی سہولت کی ضرورت ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے ۔**

**معالج کا نام** (جلی حروف) ____________________ **فون نمبر** ____________________

**معالج کے دستخط** ____________________ **تاریخ** ____________________

یہ محکمہ مساوی مواقع فراہم کرنے والا ادارہ ہے ۔

Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

FOOD AND NUTRITION SERVICES
Fairfax County Public Schools

# میڈیکل ڈائیٹری اکاموڈیشن فارم

اس فارم کو فوڈ اینڈ نیوٹریشن سروسز میں جمع کرواتے وقت ریاست سے لائسنس یافتہ معالج کے دستخط کی ضرورت ہوتی ہے ۔
براہ مہربانی یہ فارم **dietary.forms.fns@fcps.edu** پر جمع کرائیے ۔

## پس منظر کی معلومات:

امریکنز وِد ڈِس ایبلیٹیز ایکٹ (ADA) صراحت کرتا ہے کہ زیادہ تر جسمانی اور ذہنی کمزوریاں معذوری کا باعث بنتی ہیں ۔ FCPS آفس آف فوڈ اینڈ نیوٹریشن سروسز (FNS) والدین/ سرپرستوں اور دیگر ضلعی عملے کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ اسکول کے کھانے کے پروگراموں میں حصہ لینے اور پروگرام کے فوائد حاصل کرنے کے مساوی مواقع کو یقینی بنایا جائے ۔ اسکولوں کو معذور طلبا و طالبات کیلئے کھانے کے متبادل بنانے کی ضرورت ہے؛ یہ متبادلات ہر معاملے کی بنیاد پر الگ ہوتے ہیں اور صرف اس صورت میں فراہم کیے جاتے ہیں جب ریاستی لائسنس یافتہ معالج کے تحریری بیان کے ذریعہ توثیق شدہ ہوں - جیسے **طبی غذائی سہولیات یا میڈیکل ڈائیٹری اکاموڈیشن فارم ۔** (صفحہ 1) ۔

اسکولوں کو معذور طلباء کیلئے سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے جو ان کی خوراک کو براہ راست متاثر کرتی ہیں ۔ FNS عام معذوریوں کو ایڈجسٹ کرنے کیلئے نیوٹریشن پروگرام کے کھانے کے پیٹرن کے اندر کھانے کا منصوبہ تیار کرے گا ۔ زیادہ تر معاملات میں ، کھانے کے پیٹرن کی ضروریات کے اندر معذوری کا انتظام کیا جا سکتا ہے ۔ FNS کو مطلوبہ مخصوص متبادل یا دیگر ترمیم شدہ فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن وہ ایک معقول ترمیم پیش کرے گا جو طالبعلم کی معذوری کو مؤثر طریقے سے ایڈجسٹ کرے اور پروگرام میں حصہ لینے یا اس سے فائدہ اٹھانے کا مساوی موقع فراہم کرے ۔

## طریقہ کار:

*مرحلہ نمبر 1:* پُر کیا گیا میڈیکل ڈائیٹری اکاموڈیشن فارم معالج کے دستخط کے ساتھ اس ای میل پر بھیجا جاتا ہے ۔
**dietary.forms.fns@fcps.edu**

*مرحلہ نمبر 2:* ایک رجسٹرڈ ڈائیٹیشین یا ماہرغذا (RD) خوراک کی سہولیات کے اگلے مراحل میں سے گزرنے کیلئے فائل پر موجود والدین/ سرپرست سے رابطہ کرے گا ۔

*مرحلہ نمبر 3:* RD طالبعلم کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایک مینیو تیار کرے گا اور مزید منصوبہ بندی کیلئے والدین/ سرپرست ، اسکول میں تعینات آپریشنل اسپیشلسٹ ، اور کیفے ٹیریا مینیجر کو ایک نقل بھیجے گا ۔

*مرحلہ نمبر 4:* آرڈر کی ضروریات کی بنیاد پر باہمی آغاز کی تاریخ کا تعین کرنے کے بعد ، عملے کو اس کے مطابق ایڈجسٹ کرنے کی تربیت دی جائے گی ۔ FNS عمل درآمد کیلئے مخصوص ٹائم لائن کے حوالے سے والدین/ سرپرستوں سے رابطہ کرے گا ۔

*مرحلہ نمبر 5:* طالبعلم کی غذائی سہولیات اور خصوصی مینیو سے متعلق معلومات جامنی رنگ کے الرجی بائنڈر میں پوسٹ کی جائیں گی ، جہاں عملہ اور کیفے ٹیریا کے مینیجرز اس تک محفوظ مقام پر رسائی حاصل کر سکتے ہیں ۔

براہ مہربانی نوٹ کیجیئے : میڈیکل ڈائیٹری اکاموڈیشن فارم کو آزادانہ طور پر یا خصوصی تعلیمی دستاویزات کے علاوہ استعمال کیا جانا ہے ۔